نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

28 ِ اکتوبر 2010ء

برائے فوری اجراء

615/2010

رابطہ: البرٹوراڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی فوجی طیاروں کی پاکستان کے سیلاب زدگان کیلئے دوکروڑ پاؤنڈ سے زیادہ وزنی امدادی سامان کی ترسیل

اسلام آباد(28 ِ اکتوبر2010ء)___ امریکی فوج کے طیاروں اوراہلکاروں نے پاکستان میں سیلاب زدگان کے لئے امداد کی ترسیل کے سلسلہ میں 27 ِ اکتوبرکو ایک اہم سنگِ میل عبور کرلیا،وہ پانچ اگست سے پاکستان میں شروع کی جانے والی اپنی امدادی کارروائیوں کے دوران اب تک دوکروڑ پاؤنڈ سے زیادہ وزنی سامان متاثرین تک پہنچا چکے ہیں۔

پاکستان میں امریکہ کے دفاعی نمائندہ وائس ایڈمرل مائیک لی فیور نے کہا ہے کہ ''یہ نیا سنگِ میل سیلاب کے دوران امدادی کارروائیاں سرانجام دینے والے پاکستانی اورامریکی کارکنوں کے درمیان پائے جانے والے زبردست ٹیم ورک کی عکاسی کرتا ہے۔پاک فوج کے ساتھ ہمارے حیران کن اشتراک کاراوراُس کی معاونت سے ہم انسانی ہمدردی کی بنیاد پرشمالی اورجنوبی علاقوں کی ملک بھر سے کٹی ہُوئی سیلاب زدہ آبادیوں تک اشدضرورت کی اشیاء پہنچانے کیلئے فضائی نقل وحمل کا نظام قائم کرنے کے قابل ہُوئے"۔

اب تک امریکی فوج کے طیارے اوراہلکار، جو پاک فوج سے قریبی رابطہ رکھے ہوئے ہیں،20,026,620 پاؤنڈ یا9,083,922,3 کلوگرام امدادی سامان پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں پہنچا چکے ہیں اوراُنھوں نے26,000 سے زیادہ افرادکوفضائی کارروائیوں کے ذریعے محفوظ مقامات پرمنتقل کیا ہے۔

اِس وقت امریکی فوج کے 26 ہیلی کاپٹرز اورتقریباً 600اہلکارمُلک کے شمالی اورجنوبی سیلاب زدہ علاقوں میں حکومت پاکستان کی امدادی کارروائیوں میں معاونت کررہے ہیں۔

انسانی بنیاد پرفضائی کارروائیوں کے علاوہ حکومتِ امریکہ امداداور بحالی کے کاموں کیلئے پاکستان کو398 ملین ڈالر سے زیادہ کی اعانت بھی فراہم کررہی ہے،جبکہ یوایس ایڈاورامریکہ کے دوسرے شہری ادارے بھی متاثرینِ سیلاب کی مدد جاری رکھے ہوئے ہیں۔

پاکستان نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق متاثرہ آبادی کے حجم اور بڑے پیمانے پرہونے والے نقصان کے حوالے سے2010ء میں آنے والے تباہ کن سیلاب وہاں حال ہی میں آنے والی تمام آفات سے بڑھ کر تھے۔این ڈی ایم اے کے تازہ ترین اعدادوشمار بتاتے ہیں کہ اس سیلاب سے دوکروڑنفوس سے زیادہ کی آبادی متاثر ہوئی،اُنیس لاکھ مکانات کونقصان پہنچایاوہ تباہ ہوگئے اوراندازاً1,900 اموات واقع ہوئیں۔

###

اسلام آباد
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ
رمنا-5،اسلام آباد
فون:2082000
E-mail: infoisb@state.gov

لاہور
50ایمپریس روڈ
فون:6034000
E-mail: irclahore@state.gov

کراچی
کلکٹرزلین،8عبداللہ ہارون روڈ
فون:5204200
E-mail: irckhi@state.gov

پشاور
11۔اسپتال،روڈ،پشاورکینٹ
فون: 5268800